## Purpose of Programme Introduction

According to the Rural Support Programmes' (RSPs) strategy, before beginning the process of social mobilization for community driven development, RSPs hold a Programme Introduction (PI) meeting with the community members. At the PI meetings, the principles of social mobilization are shared with the community members. The purpose of PI is to inform the people about RSPs' basic approach and what the programme is about, why is it being implemented and how will it be implemented, and what it can and cannot do for the people. This is important in order not to raise people's hopes and expectations, and it also sets solid and common understanding for the signing of the terms of partnership between the RSP and the community members. The approach to PI presented in this booklet is based on the PI led by Mr Shoaib Sultan Khan in village Jumo Sheikh of district Larkana on 29th March, 2016. Mr Shoaib Sultan Khan clearly sets out and then undertakes the process of PI in a simple yet effective manner. This PI has been documented so that it can become an effective and handy reference material for the field staff members of the National Rural Support Programme (NRSP), Sindh Rural Support Organisation (SRSO), and the Thardeep Rural Development Programme (TRDP), the partner organisations of the European Union supported Sindh Union Council and Community Economic Strengthening Support (SUCCESS) Programme, to use in the field. This booklet will also be shared with other RSPs for use across the country.




## Introduction of SRSO

In 2003, the Government of Sindh (GoS) established Sindh Rural Support Organisation (SRSO). Even though GoS already has many departments and programmes, why did it feel the need to establish SRSO? To answer this question, it is important to understand that SRSO will not be replicating the work of GoS; otherwise the departments of Government of Sindh will question us about our work, because they are already doing the same. Therefore, you should not ask us to do the work that is the responsibility of the government departments, or the work other organisations are already doing.

I have been working for the last 62-63 years, and out of these years, I have worked with the government for 25 years. I was the Commissioner of Karachi and for last 40 years I have been doing the same work that I am doing here with you all. Earlier, I worked in Gilgit, Baltistan and Chitral, then I worked in India, and now there is an organisation like SRSO in every province of Pakistan that I am affiliated with. The purpose of this programme is to find ways to alleviate poverty, and to put an end to poverty.


Poverty originates at the household level. If the household is poor, then the people are poor. So, if the government, or any other organisation, wants to alleviate poverty, but does not have access to the household level, how would they be able to find out who is poor and how poor they are? Since GoS was not able to reach each households, it established SRSO, so that SRSO can access the households in order to identify the poor and alleviate poverty.



The question, however, is how can SRSO alleviate poverty even if it is able to reach the households, because it does not have the resources of the government? The government spends twenty-five thousand billion rupees, but is unable to alleviate poverty, because it does not have access to the household level.

For the last 150 to 200 years, there have been multiple experiments in different countries to alleviate poverty. The programme we have brought to you has the same principles that have been followed in countries like Germany, Japan, Taiwan, South Korea and Malaysia already. These are the countries that you hear about, having no poverty.

When I applied the same principles for 12 years in Gilgit-Baltistan, which was home to one million people, the income of the people doubled, and the level of health and education improved. Currently, these areas have the best education and health systems as compared to other rural areas of Pakistan. This programme (SUCCESS) is not going to listen to your problems and solve them, because that is the responsibility of the government departments. However, we can advocate to the government, on your behalf, to solve your problems.



## Partnership Programme

We present to you a partnership programme, for the purposes of achieving development. In this partnership programme you will be one partner and SRSO will be the other partner. In a partnership, both partners have certain duties and both have to fulfil them, otherwise the objectives of the partnership will be compromised.

## People's Potential

This programme is based on the belief that when Allah created mankind, men and women, He blessed them with certain abilities so that they can realise their potentials and live fulfilled lives. Hence, SRSO believes that if a poor household can identify its abilities and is willing to realise its potential, it can also improve its living condition.

Therefore, to alleviate poverty, when we go to the household level, we ask people to identify their abilities, and we also ask them how they can utilize their abilities to improve their standard of living. People need to answer these questions themselves because they are the ones living their lives, be it in harsh or luxurious conditions. If they did not have any potential or abilities, they would not have been able to survive. We ask people to identify their abilities because until we get an idea about their potentials, we cannot initiate the process of alleviating poverty.

If people say that they do not have any abilities, and they cannot help themselves to improve their lives, then SRSO can also not do anything for them. Whenever we have asked poor people about their potential and abilities, nobody has ever said that they don't possess any abilities; rather they have shared with us many ideas to utilise their full potential. However, not everyone has the same and equal abilities. Therefore, every household has to identify their own ability that can be utilised to improve their living conditions.

When I asked the people of Gilgit-Baltistan, they identified 42 different kinds of activities that they were willing to do. People shared ideas such as cattle farming, land cultivation, operating small shops, and donkey carts. They said that they can improve their lives if the hurdles they face are eliminated.

As we all know, the world's systems works with money. Therefore, money is important to alleviate poverty. In order to increase their incomes, people have to tell what they can do, and if there are any hurdles, we can discuss and resolve them.

### Note

Ask people if they have the ability to improve their lives, and take their consent, by asking them to raise their hands, about their willingness to do so.



## Formation of Community Institutions

There are four thousand households in this union council (UC), and according to the poverty ranking scores we have for this UC, around 72% of the total households fall below the poverty line. This means that about three thousand households are below poverty line. It will be impossible for SRSO to reach that many households, as they only have three staff members allocated per 20,000 households. The chairman of Union Council suggested establishing village committees; however, we have experienced that committees are not able to reach the households

Therefore, to know the potential of every household and to understand the difficulties they face in utilizing that potential, people have to organise themselves in an organisation of 15-20 households. Your first obligation was to realise and make a plan to utilise your potential, and your second obligation is to form community institutions. These 15-20 households should be in close vicinity and should be able to meet and work together, because if there are disputes then the people will not be able to come together. If a village has 100 households, then they can form 4 to 5 community organisations. In this way, it will be convenient for the SRSO staff to reach the member households and prepare their Micro Investment Plans, by going to the four or five community organisations.

Micro Investment Plan at the household level is used to identify the ability and potential of the households, how will they utilise the ability, and what hurdles do they face in utilising the abilities.

Members of every community organization have to choose their leader, called Manager or President. There should be two traits in the leader; honesty and devotion. The leaders should work for themselves, as well as for others.

The members of the community organisation will select their leader. No one can claim to be the leader on their own. If the members are not satisfied with the performance of the leader, they can replace her during a meeting.

Thus, the first principle is that people will organise themselves into community organisations, select their manager or president from among themselves, and develop micro investment plans at household level to increase their income promptly.

### Note

Take consent from people, by asking them to raise their hand, about their readiness and willingness to organize themselves, and to select a leader.



## Savings

The second principle is a bit complicated, but is very important. There is no doubt that money is a driving force in the economy, and that money attracts more money. Rich people can get loans from banks immediately, but no bank will give loans to poor. Therefore, people will have to pool their money gradually. This is called savings. Savings will be mandatory for each household, but every household will do it within their own capacity, and each household's saving be their own property.

**Note:** Take consent from people, by asking them to raise their hand, about their readiness and willingness to save money



## Training

We will provide you trainings, at our own cost, on learning how to operate the community organisation, how to do savings, and how to plan. This is the third principle and you have to be willing to participate in these trainings.

### Note

Take consent from the people, by asking them to raise their hand, about their readiness and willingness to participate in the training sessions.

## Responsibilities of the Organisation

If you agree on these three principles of partnership, then we are also ready for this collaboration. When you tell us about your potential, how to improve the condition of your house and the hurdles you face, the organisation will arrange the resources to overcome the difficulties at the household level.

Now please do not come to us with issues related to lack of availability of schools, health facilities, or the catastrophe of floods occurring in the village, because SRSO does not have the resources to solve those problems.

Even if our staff come to you and promises that they'll solve these problems if you are organised into community organisations (COs), please do not pay heed to what they say. SRSO cannot do anything other than what I have told you.

## بچت

دوسرا اصول ذرا مشکل ہے، مگر بہت ضروری ہے۔ وہ یہ کہ پیسہ بڑی طاقت ہے، اور پیسہ پیسے کو کھینچتا ہے۔ امیر لوگوں کو بینک فوراً قرضہ دیتا ہے، مگر غریب لوگوں کو کوئی بینک قرضہ نہیں دیتا۔ اس لئے لوگوں کو اپنا پیسہ آہستہ آہستہ جمع کر کے بنانا ہو گا۔ اسے ہم بچت کہتے ہیں۔ بچت ہر گھرانے کیلئے کرنا لازم ہو گا۔ البتہ ہر گھرانہ اپنی استطاعت کے مطابق بچت کریگا۔

**نوٹ :** یہاں لوگوں سے پوچھیں کہ کیا وہ بچت کرنے کیلئے تیار ہن، ان سے کہیں کہ سب اپنے ہاتھ کھڑا کر کے بچت کرنے کی رضامندی دیدیں۔

## تربیت

تیسرا اصول یہ ہے کہ ہم لوگوں کو ان کی تنظیم چلانے کیلئے، بچت کرانے کیلئے، منصوبہ سازی کیلئے اپنے خرچے پر تربیت دیں گے۔ اس کیلئے آپ کو راضی ہونا ہو گا۔

**نوٹ :** سب لوگوں سے کہیں کہ اگر وہ راضی ہیں تو ہاتھ کھڑا کر کے اس کا اظہار کریں۔



## ادارے کی ذمہ داریاں

اگر آپ شراکت کے ان اصولوں کو قبول کرتے ہیں تو ہم بھی آپ کے ساتھ کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔ کیونکہ جب آپ اپنی صلاحیت بتائیں گے، آپ یہ بتائیں گے کہ آپ کے گھر کی حالت کیسے بہتر ہو سکتی ہے، اور اس میں مشکل کیا ہے، تو اس گھریلو سطح کی مشکل کو حل کرنے کیلئے ادارہ وسائل کا بندوبست کریگی۔

اب یہ نہ ہو کہ ہمارے لوگ آپ کے پاس آئیں تو آپ کہیں کہ یہاں سکول نہیں ہے، صحت کی سہولیات نہیں ہیں، یہاں سیلاب کا پانی آتا ہے۔ کیونکہ سر سو کے پاس ان مسائل کا حل نہیں ہے۔ اگر ہمارا کوئی اسٹاف آکر یہ کہیں کہ ہم آپ کے تمام مسائل حل کریں گے، بس آپ منظم ہو جاو تو ان کی بات نہ ماننا۔ میں جو ابھی کہہ رہا ہوں سر سو اس کے علاوہ آپ کیلئے کچھ نہیں کر سکے گا۔



# تنظیم سازی

اس یونین کونسل میں چار ہزار گھرانے ہیں۔ ہمارے پاس ان تمام گھرانوں کی غربت کی درجہ بندی کا سکور ہے۔ یہاں کچھ جگھوں پر غربت کی شرح بہتر فیصد تک ہے۔ تو اگر چار ہزار گھرانوں کا بہتر فیصد غریب ہے، جو کہ تین ہزار کے قریب بنتا ہے، تو ہمارے لئے ان میں سے ہر گھرانے کے پاس جانا ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ سرسو کے پاس تو تقریباً بیس ہزار گھرانوں کیلیئے صرف تین اسٹاف ہیں۔ یونین کونسل کے چیرمین نے تجویز دی ہے کہ گاوں کی کمیٹیاں بنائی جائیں۔ مگر ہم کمیٹیوں پر یقین نہیں رکھتے۔ کیونکہ کمیٹیاں گھر گھر نہیں پہنچتیں۔

اس لئے یہ معلوم کرنے کیلیئے کہ ہر گھر کی کیا صلاحیت ہے، اور ان کو ان صلاحیتوں کو کام میں لانے کیلیئے کیا مشکلات ہیں، لوگوں کو ۱۵ سے ۲۰ گھرانوں کی تنظیم میں منظم ہونا پڑیگا۔ صلاحیتوں کی نشاندہی اور ان کو استعمال میں لانا آپ کا پہلا فریضہ تھا اور یہ آپ کا دوسرا فریضہ یا ذمہ داری ہوگی۔ یہ ۱۵ سے ۲۰ گھرانے ایسے ہوں جو ایک ساتھ رہتے ہوں، اور آپس میں مل جل کر رہتے ہوں، ان کے درمیاں کوئی لڑائی جھگڑا نہ ہو۔ اب اگر کسی گاوں میں ۱۰۰ گھرانے ہوں تو وہاں ۴ سے ۵ تنظیمات بن سکتی ہیں۔ اس طرح سرسو کے اسٹاف کیلیئے ان چار پانچ تنظیمات کے پاس آ کر ان کے ممبران کے گھرانے کی سطح کے منصوبہ جات بنانا آسان ہوگا۔ گھرانے کی سطح کے منصوبے سے مراد یہ ہے کہ ہر گھرانے کی صلاحیت کیا ہے، اور وہ اس صلاحیت سے کیا کرنا چاہتا ہے، اور ان کے سامنے رکاوٹ یا مشکلات کیا ہیں۔

اس کے بعد ہر تنظیم کے ممبران کو آپس میں سے اپنا رہبر تلاش کرنا ہوگا۔ یہ صدر اور منیجر کہلائیں گے۔ ان میں صرف دو باتیں موجود ہونی چاہیئے۔ ایک وہ ایماندار ہوں، دوسرے ان میں خلوص ہو۔ وہ اپنے لئے بھی کام کریں اور دوسروں کیلیئے بھی۔ ان رہبروں کے چناو کا فیصلہ تنظیم کے ممبران کریں گے۔ لوگ خود نہ کہیں کہ وہ صدر یا منیجر بن جاتے ہیں۔ اگر ان رہبروں کے انتخاب میں کوئی غلطی ہو جائے اور وہ کام نہ کریں تو لوگ اپنی میٹنگ میں انہیں تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔





پس پہلا اصول یہ ہوا کہ لوگ تنظیمات میں منظم ہوں گے، آپس میں سے صدر و منیجر کا انتخاب کریں گے، اور گھریلو سطح کے ایسے منصوبے بنائیں گے جن سے فوری طور سے ان کو آمدن ہو۔

## نوٹ :

یہاں لوگوں سے پوچھیں کہ کیا وہ تنظیم سازی کرنے اور آپس میں سے صدر و منیجر کا انتخاب کرنے کیلیئے تیار ہیں۔ ان سے کہیں کہ وہ ہاتھ کھڑا کر کے اس کی رضامندی دیں۔



## لوگوں کے اندر موجود صلاحیت

اس پروگرام کی بنیاد ایک بات پر ہے۔ وہ بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو جب پیدا کیا، چاہے مرد ہو یا عورت، تو ان کو صلاحیت عطا کی، جس کے سہارے وہ اپنی زندگی گزار سکیں، اور اپنی حالت بہتر بنا سکیں۔ اس لئے سرسو کا سب سے بڑا اعتماد اس بات پر ہے کہ ہر گھرانہ چاہے وہ غریب ہی کیوں نہ ہو، اس کے اندر صلاحیت موجود ہے جس کے ذریعے وہ اپنی حالت بہتر کر سکتا ہے۔



اس لئے جب ہم لوگوں کی غربت دور کرنے گھرانے کی سطح پر جاتے ہیں تو ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ وہ بتائیں کہ "آپ کے پاس کیا صلاحیتیں ہیں اور اپ ان صلاحیتوں کو استعمال کر کے کس طرح اپنی حالت بہتر کر سکتے ہیں"۔ اس کا جواب لوگوں کو خود دینا ہوتا ہے۔ کیونکہ زندگی تو وہ گزار رہے ہیں، چاہے مشکل سے ہی سہی۔ اگر صلاحیت نہ ہوتی تو وہ زندگی نہیں گزار سکتے تھے۔ ہم صرف یہ پوچھتے ہیں کہ اس کو بہتر بنانے کیلئے ان کے دماغ میں کیا ہے۔ کیونکہ جب تک اس کی نشاندہی نہیں ہوتی تب تک گھریلو سطح پر ان کی غربت دور کرنے کی شروعات نہیں کر سکتے۔

اگر لوگ یہ کہیں کہ ان کے اندر صلاحیت نہیں ہے اور وہ اپنی حالت بہتر کرنے کیلئے کچھ نہیں کر سکتے تو سرسو اس کیلئے کچھ نہیں کر سکتا۔ ہم نے آج تک جس غریب سے بھی یہ سوال کیا اس نے یہ نہیں کہا کہ اس کے پاس صلاحیت نہیں ہے۔ بلکہ انہوں بے شمار صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ لیکن ہر ایک کی صلاحیت برابر نہیں ہوتی۔ اس لئے ہر گھر کو بتانا پڑیگا کہ وہ اپنی حالت بہتر بنانے کیلئے کیا کرنا چاہتا ہے۔ گلگت بلتستان کے لوگوں نے کوئی بیالیس قسم کی باتیں بتائیں کہ وہ یہ کر سکتے ہیں اور کرنے کیلئے تیار ہیں۔ کسی نے جانور پالنے کی بات کی، کسی نے زمین آباد کرنے کیلئے کہا، کسی نے چھوٹی سی دکان لگانے کی بات کی اور کسی نے کہا کہ اسے گدھا گاڑی چاہیئے۔ غرض انہوں نے ہر قسم کی بات کی اور کہا کہ ان کاموں میں اگر ان کی مشکلات کو دور کیا جائے تو ان کی حالت بہتر ہو سکتی ہے۔

دنیا کا نظام پیسے سے چلتا ہے۔ غربت دور کرنے کیلئے بھی پیسہ چاہیئے۔ اس لئے لوگوں کو بتانا ہوگا کہ وہ کیا کر سکتے ہیں جس سے ان کی آمدن میں اضافہ ہو۔ اگر اس کام میں مشکلات ہیں تو ہم اس سلسلے میں ان سے بات کر سکتے ہیں۔ مگر یہ نہ ہو کہ لوگ ایسی چیزیں بنائیں جو نہ بکے، اور وہ ہم سے کہیں کہ اس کیلئے بازار ڈھونڈھیں، تو یہ ہمارا کام نہیں ہے۔

**نوٹ:** یہاں لوگوں سے پوچھیں کہ کیا ان کے پاس صلاحیت موجود ہے، اور وہ اپنی صلاحیت کو استعمال کر کے اپنی حالت بہتر کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ان سے کہیں کہ سب اپنے ہاتھ کھڑا کر کے اس کی رضامندی دیں۔

دنیا میں آج سے ڈیڑھ۔ دو سو سال سے غربت کم کرنے پر بہت تجربہ ہوا ہے۔ یہ تجربہ مختلف ملکوں میں ہوا ہے۔ ہم جو پروگرام آپکی غربت کم کرنے کیلئے لائے ہیں اس کے اصول وہی ہیں جن پر جرمنی، جاپان، تائیوان، جنوبی کوریا اور ملائیشیا نے عمل کیا ہے، جن کے بارے میں آپ سنتے ہیں کہ وہاں غربت نہیں رہی۔ اور انہی اصولوں پر جب میں نے گلگت بلتستان میں بارہ سال عمل کیا، جہاں دس لاکھ لوگ رہتے تھے، تو دس سال کے اندر وہاں کے لوگوں کی آمدن دگنی ہو گئی اور وہاں تعلیم اور صحت میں بھی کافی بہتری آئی۔ اس وقت تعلیم اور صحت کے حوالے سے یہی علاقے بہترین ہیں۔

یہ وہ پروگرام نہیں ہے جو آپ کے مسئلے سنے۔ اس لئے کہ ہم آپ کے مسائل حل نہیں کر سکتے۔ ان مسائل کو حل کرنا حکومت کے اداروں کی ذمہ داری ہے۔ البتہ ہم ایک وکیل کی حیثیت سے حکومت سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کے ہاں یہ مسائل ہیں اور وہ ان مسائل کو حل کریں۔

## شراکتی پروگرام

ہم آپ سے ترقی کیلئے ایک شراکت کی پیشکش کرتے ہیں، جس میں ایک شریک آپ ہوں گے اور دوسرا شریک سرسو ہو گا۔ شراکت میں دونوں فریقوں کے فرائض ہوتے ہیں، اور دونوں کو اپنا فرض پورا کرنا ہوتا ہے۔ ورنہ شراکت کا مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔





میں پچھلے ۶۲-۶۳ سال سے کام کر رہا ہوں۔ اس میں سے ۲۵ سال میں نے حکومت کے ساتھ کام کیا ہے۔ میں کراچی کا کمشنر بھی رہا ہوں۔ اور پچھلے ۴۰ سال سے یہی کام کر رہا ہوں جو آپ کے ساتھ کر رہا ہوں۔ پہلے میں نے گلگت، بلتستان اور چترال میں کام کیا۔ پھر ہندوستان میں کام کیا۔ اور ابھی پاکستان کے ہر صوبے میں سرسو جیسا ایک ادارہ قائم ہے، ان سے منسلک ہوں۔

اس پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ غربت کیسے دور کی جائے، غریبی کو کیسے ختم کیا جائے۔

غربت گھریلو سطح پر ہوتی ہے۔ اگر گھر میں غربت ہے تو لوگ غریب ہوتے ہیں۔ اس لئے اگر حکومت یا کوئی اور ادارہ غربت ختم کرنا چاہتی ہے تو جب تک گھر گھر نہیں پہنچے انہیں کیسے پتہ چلے گا کہ غریب کون ہے، اور ان کی غربت کتنی ہے۔ سندھ حکومت نے سرسو اس لئے بنائی کہ ان کا کوئی بھی ادارہ گھر گھر نہیں جا رہا تھا۔

اس لئے لوگوں کی غربت ختم کرنے کیلیئے سرسو کو گھر گھر پہنچنا ہوگا۔

اگر سرسو گھر گھر پہنچ جائے تو کیا کریگا کہ غربت دور ہو جائے۔ سرسو کے پاس حکومت کا خزانہ تو نہیں ہے۔ حکومت ڈھائی ہزار ارب روپے سالانہ خرچ کرتی ہے، مگر لوگوں کی غربت دور کرنے کیلیئے کچھ نہیں کر سکتی۔ کیونکہ وہ گھر گھر نہیں پہنچ سکتی۔







# سرسوکاتعارف

سرسوکو۲۰۰۳میں حکومت سندھ نے بنایا تھا۔ حکومت سندھ کے پاس توبے شمار محکمے اورپروگرام ہیں۔انہیں سرسو بنانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔اس سوال کاجواب جانٹااس لئے ضروری ہے کہ لوگ سمجھ لیں کہ سرسووہ کام نہیں کریگاجوسندھ حکومت کرتی ہے۔ ورنہ سندھ حکومت کے ادارے ہم سے پوچھیں گے کہ ہمارے ہوتے ہوئے آپ کوکام کرنے کی کیاضرورت ہے۔اس لئے پہلی بات تویہ ہے کہ آپ ان کاموں کیلئے ہم سے نہ کہیں جوسندھ حکومت کے ادارے یادیگر بہت سے ادارے آپ کیلئے کرتے ہیں۔

# پروگرام کے تعارف کا مقصد

رورل سپورٹ پروگرام کے طریقہ کار کے مطابق مقامی لوگوں کو سوشل موبلائزیشن کے اصولوں کے تحت منظم کرنے کیلئے سب سے پہلے ان کے سامنے ادارے کے پروگرام کا تعارف پیش کیا جاتا ہے۔ پروگرام کے تعارف کا مقصد یہ ہے کہ پروگرام شروع ہونے سے پہلے لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ پروگرام کیا ہے، یہ لوگوں کیلئے کیا کر سکتا ہے اور کیا نہیں کر سکتا۔ تاکہ لوگ بے جا توقعات اور امیدوں کی وجہ سے مایوس نہ ہوں۔ پروگرام کے تعارف کیلئے درج ذیل طریقہ محترم شعیب سلطان خان کی ہدایات پر ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کا متن حال ہی میں شعیب سلطان خان صاحب کے سرسو کے علاقے میں کئے گئے پروگرام کے تعارف سے لیا گیا ہے۔ اس لئے تمام آر ایس پیز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ آئندہ اسی متن کو استعمال کرتے ہوئے پروگرام کا تعارف کرائیں۔ یہ بات تو محتاج بیان بھی نہیں ہے کہ جب دوسرے آر ایس پیز کے لوگ اس متن کو استعمال کرتے ہوئے اپنے علاقوں میں پروگرام کا تعارف کرائیں گے تو سرسو کی جگہ اپنے آر ایس پی کا نام استعمال کریں گے۔

EUROPEAN UNION

RSPN

Project Management:
**Noor Muhammad, Communications Officer, SUCCESS-RSPN**

Translated by:
**Asad Ejaz Khan, Admin Officer, SUCCESS-RSPN**

Reviewed by:
**Filza Nasir, Documentation and Reporting Officer, SUCCESS-RSPN**

Deigned and Published by:
**Mercury Transformations**

Website:
**www.rspn.org.pk**

Facebook:
**www.facebook.com/RSPNPakistan**

EUROPEAN UNION

"This publication has been produced with the assistance of the European Union. The contents of this publication are the sole responsibility of Rural Support Programmes Network (RSPN) and can in no way be taken to reflect the views of the European Union."

NRSP

TRDP

EUROPEAN UNION

RSPN

پراجیکٹ مینیجمنٹ: نور محمد، کمیونیکیشن آفیسر

تالیف: محمد علی عزیزی ، سپیشلسٹ سوشل موبلائزیشن

اشاعت: مرکری ٹرانسفورمیشنز

ترتیب واہتمام: رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک

ویب سائٹ:
**www.rspn.org.pk**

فیس بک:
**www.facebook.com/RSPNPakistan**

EUROPEAN UNION

"This publication has been produced with the assistance of the European Union. The contents of this publication are the sole responsibility of Rural Support Programmes Network (RSPN) and can in no way be taken to reflect the views of the European Union."

NRSP

TRDP

# سندھ یونین کونسل اینڈ کمیونٹی اکنامک سٹرینتھننگ سپورٹ پروگرام

SUCCESS



جناب شعیب سلطان خان صاحب، چیرمین آر ایس پی این/ایس آر ایس او
کا ضلع لاڑکانہ کے گاوں جمو شیخ میں مقامی افراد کے ساتھ
سکسیس پروگرام کے حوالے سے تعارفی مکالمہ

29 مارچ 2016ء

# Sindh Union Council and Community Economic Strengthening Support Programme

SUCCESS



**SUCCESS Programme Introduction Dialogue by Mr. Shoaib Sultan Khan, Chairman SRSO/RSPN with Rural Community in Jumo Sheikh Village, District Larkana**

29th March 2016